سوال

(510)زندہ تصویر ذرائع ابلاغ کی ضروریات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زندہ تصویراب ذرائع ابلاغ کی ضروریات میں سے ہے،جسے معض مقاصد کےلیے استعمال کرنا ناگزیر ہے جیسا کہ ٹیلی ویژن میں تصویروں کا استعمال ہے تو اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ بات محل نظر ہے۔ تصویر کی وجہ سے ٹیلی ویژن پر آنے میں ہمیشہ توقف سے کام لیتا رہا ہے لیکن اس مسئلہ کے بارے میں میں نے بہت سے برادر مشائخ سے تبادلہ افکار کیا ہے اور میں نے کہا کہ ان ٹیلی ویژن پر آنے میں عوام الناس کی مصلحت 'انہیں فائدہ پہنچانا اور انہیں خیر کی دعوت دینا ہے 'اس لیے انہیں ٹیلی ویژن پر آنا چاہیے تاکہ اس کا استعمال غلط لوگوں ہی کےلیے محدود ہوکر نہ رہ جائے لہذا میرے نزدیک ٹیلی ویژن پر آنا چاہیے تاکہ اس کا استعمال غلط لوگوں ہی کےلیے محدود ہوکر نہ رہ جائے لہذا میرے نزدیک ٹیلی ویژن پر آنے میں انشاء اللہ کوئی حرج نہیں۔ حجرات علماء ومشائخ میں سے جو ٹیلی ویژن پر اس لیے آئے تاکہ مسلمانوں کو نفع پہنچائے، ان سوالوں کے جوابات دے، باطل پرستوں کی تردید کرے اور اللہ تعالی کے دین کی دعوت دے اسے انشاء اللہ اجر عظیم ملے گا اور امید ہے کہ تصویر کے گناہ کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص391

محدث فتویٰ